04/04/2026

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **بصارت گل**

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ ایودھیا صرف بھگوان رام کاہی شہر نہیں ہے بلکہ یہ ہماری عالمی شناخت ، معاشی استحکام اور ہماری ثقافتی گو نا گونیت کا ایک اہم ستون بھی ہے ۔ اندرا گاندھی نیشنل سینٹر فار آرٹس نئی دلی میں شری ایودھیا نیاس کی طرف سے IGNCA اور پرگیا سنستھان کے اشتراک سے منعقدہ آٹھویں ایودھیا پرو سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ دنیا کو بھگوان رام کے اصولوں ، دھر ما ، فرائض اور قربانی جیسے اقدار سے سیکھ حاصل کرنی چاہئے ۔

-------BYTE-------

چناو مہم

آسام ، پڈوچیری ، کیرالم ، تامل ناڈو اور مغربی بنگال میں اسمبلی انتخابات کے لئے چناو مہم میں ہر گزرتے دن کے ساتھ تیزی آ رہی ہے۔ وزیر اعظم اور سینئر بی جے پی لیڈر نریندر مودی آج کیرالم کا دورہ کر کے وہاں چناو مہم چلا رہے ہیں ۔

دریں اثناءسینئر کانگریس لیڈر اور لوک سبھا میں حزبِ اختلاف کے لیڈر راہل گاندھی بھی Alappuzha میں UDF کی چناو مہم میں شامل ہو رہے ہیں ۔

بل

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں نے جن وِشواس ترمیمی بِل 2026 پاس کیا ہے ۔ اس بل کا مقصد ملک میں تجارت کو آسان بنانے اور لوگوں کے معیارِ حیات میں بہتری لانا ہے ۔

دریں اثناءکلچر کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے کہا ہے کہ جن وِشواس ترمیمی بِل 2026 کی بدولت قانون میں تبدیلی آنے کے ساتھ ساتھ تجارت میں بھی بہتری پیدا ہو گی ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ چھوٹے تکنیکی جرائم کے لئے مجرموں کو جیل کے بجھائے اب جرمانہ ادا کرنا پڑے گا ۔

سکینہ ایتو

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کل گورنمنٹ میڈیکل کالج اننت ناگ میں جدید طرز سہولت کو عوام کے نام وقف کیا ۔ انہوں نے وہاں تین ماڈیولر Tesla MRI کی ایک اعشاریہ پانچ شعبے میں Opthalmology اسپتال کے Associated اننت ناگ کے GMC آپریشن تھیٹروں اور مشین کا بھی افتتاح کیا ۔ اس موقعے پر وزیر موصوفہ نے کہاکہ اس سہولت کے قیام Virectomy سے جنوبی کشمیر کے لوگوں کی ایک دیرینہ مانگ پوری ہوئی ہے اور اب انہیں مقامی طور پر ہی بہتر تشخیصی سہولیات فراہم ہوں گی ۔

پاسپورٹ

راوت نے کہا ہے کہ پچھلے برس کے ان کے دفتر BS کشمیر اور لداخ کے ریجنل پاسپورٹ آفیسر میں لگ بھگ ایک لاکھ درخواستیں موصول ہوئیں جن میں سے تقریباً90ہزار درخواست دہندگان کو پاسپورٹ جاری کئے گئے ۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوںنے کہاکہ پاسپورٹ جاری کے عمل کو آسان اور تیز بنایا گیا ہے۔

............Rawat............

DGP

سرینگر PCR وزارت داخلہ میں پرنسپل چیف کنٹرولر آف اکاؤنٹس ڈاکٹر اجے شنکر سنگھ نے کل بجٹ الوکیشن سافٹ ویئر کا افتتاح کیا۔ اس کا مقصد مالی شفافیت اور جوابدہی کو یقینی PHQ میں SJM کو آرڈینیشن DGP بنانا ہے ۔ اس موقعے پر ڈائریکٹر جنرل پولیس نلین پربھات، سپیشل گیلانی اور کئی دیگر افسران بھی موجود تھے ۔

کولگام

کولگام کے ضلع ترقیاتی کمشنر شہزاد عالم نے کل اِکلاویہ ماڈل ریزڈنشل سکول ٹنگ مرگ کا دورہ کر کے اس کے کام کاج اور وہاں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ درِ دست لئے گئے کاموں کو جلد از جلد مکمل کریں ۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر نے رشوت ستانی کے ایک معاملے میں اوڑی کے ایک سابق نائب تحصیلدار الطاف حسین خان اور حلقہ اوڑی کے پٹواری پردیپ کمار کے خلاف عدالت میں فرد جرم داخل کی ہے ۔

دریں اثناءACB نے عام لوگوں کی سہولیات کیلئے ایک ہیلپ لائن بھی جاری کی ہے جس کا نمبر 9419678060 ہے ۔

پانی

ایگزیکیوٹیو انجینئرجل شکتی رورل واٹر سپلائی ڈویژن گاندر بل ،سرینگرکی ایک اطلاع کے مطابق سندھ پاور کنال میں ضروری مرمت کے پیش نظر ضلع گاندر بل اور شہر سرینگر کے کچھ علاقوں میں 6 اپریل صبح 6 بجے سے 7 اپریل صبح 6 بجے تک پانی کی سپلائی معطل رہے گی۔

محکمہ نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ پہلے ہی پانی ذخیرہ کریں اور ضرورت پڑنے پر محکمے کے فون نمبرات 0194-2416292 یا 8491052446 پر رابطہ قائم کریں۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****